Fikr-o-Nasar (Islamabad) 19:1 (1981)



# نقـــد و تبصرہ

(تبصرے کے لیے دو نسخے ارسال فرمائیے)

## ماھنامہ ندائے سنت لکھنؤ

زیــــر ادارت - عبد العلیم فاروقی
زیــــر اہتمام - دارالمبلغین لکھنؤ

بدل اشتراک - سالانہ ۱٦ روپے ، ششماھی ۹ روپے ، فی شمارہ پونے دو روپے ہندوستانی۔ پاکستان سے - ۳۵ روپے ہندوستانی یا ۴۵ روپے پاکستانی - ممالک غیر سے۔ بحری ڈاک ۳ پونڈ ، ہوائی ڈاک ٦ پونڈ -

پتــــــا - پاٹا نالہ - لکھنؤ ۲۲٦۰۰۳ - یو پی - انڈیا -

دار المبلغین لکھنؤ کا ترجمان یہ رسالہ قرآن وحدیث کی روشنی میں اسلامی تعلیمات کی اشاعت کے علاوہ نعت و منقبت اور مدح صحابہ جیسے موضوعات پر بھی دلچسپ اور مفید معلومات اور صحیح نقطہ نظر کا حامل مواد پیش کرتا ہے۔ دسمبر ۱۹۸۰ کا شمارہ اس وقت ھمارے پیش نظر ہے۔ اس میں سب سے پہلے صفحہ اول پر ,, اسلام کی بے نظیر تعلیمات،، کے زیر عنوان قرآن مجید کی منتخب آیات اور احادیث بصورت ترجمہ درج کی گئی ھیں - اس کے بعد اداریہ اور پھر مضامین اور نظمیں ھیں - مضامین میں ,, حج کی اخلاقی اھمیت،، ، ,, قرآن کیا ہے،، ، ,, صحابہ کرام اور ان کا عالی مقام،، اور ,, شہید محراب،، جیسے عنوانات شامل ھیں -

(شرف الدین اصلاحی)